مصنف

علامہ عبدالرحمٰن جامی علیہ الرحمہ

۸۱۷ھ - ۸۹۸ھ

اردو حواشی

مولانا محمد حنیف خان الرضوی البریلوی

الامام احمد رضا اکادیمی
بریلی الشریفۃ (الھند)

شرح مائۃ عامل

مصنف:

علامہ عبد الرحمٰن جامی علیہ الرحمہ

۸۱۷ھ - ۸۹۸ھ

اردو حواشی:

مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی

DM

دار المنیف

للنشر والتوزیع

الامام احمد رضا اکادیمی بریلی الشریفۃ (الهند)

سلسلة الإشاعة: ٣٧٢

الكتاب:	شرح مائة عامل
التأليف:	علامہ عبدالرحمٰن جامی علیہ الرحمۃ
اردو حواشی:	مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی
الترتيب با الكمبيوتر:	المولوي محمد عفيف رضا خان البركاتي
عدد الصفحات:	64
سنة الطباعة:	١٤٤١هـ/ ٢٠٢٠ء
بلد الطباعة:	بريلي الشريفة
الطبعة:	الأولىٰ

Website: www.imamahmadrazaacademy.com

Email: munifkhan1456@gmail.com

صاحب ”شرح مائۃ عامل“ .... علامہ جامی قدس سرہ السامی

نام: عبد الرحمن۔ **لقب اصلی:** عماد الدین۔ **لقب مشہور:** نور الدین۔ **کنیت:** ابو البرکات۔

والد کا نام: احمد۔ **لقب:** شمس الدین اور شیخ الاسلام ہے۔

دادا کا نام: محمد ہے۔ آپ امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی اولاد امجاد سے ہیں جو امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاص شاگرد تھے۔

آپ کا **تخلص:** جامی ہے جیسا کہ خود آپ نے مندرجہ ذیل اشعار میں اس جانب اشارہ فرمایا ہے:

مولدم جام و رشحۂ قلمم جرعۂ جام شیخ الاسلامی ست

لاجرم در جریدۂ اشعار بدو معنی تخلصم جامی ست

پیدائش اور وطن:

آپ کے والد کا اصلی وطن اصفہان ہے، دشت نامی محلہ میں رہتے تھے، اسی لئے آپ نسبت میں دشتی کہلاتے ہیں۔ پھر کسی حادثہ کے موقع پر جام منتقل ہو گئے جو خراسان کا ایک قصبہ ہے۔ علامہ عبد الرحمن جامی قدس سرہ السامی ۲۳ شعبان المعظم ۸۱۷ھ بوقت عشا اسی مقام پر پیدا ہوئے، اس کے بعد علامہ جامی ہرات کی طرف منتقل ہو گئے۔

تحصیل علوم:

آپ نے اپنے زمانہ کے مشاہیر علماء وفضلاء سے علم کی تحصیل کی جن کی تفصیل اس طرح ہے: صرف ونحو کی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی۔ پھر خواجہ علی سمرقندی تلمیذ میر سید شریف جرجانی، مولانا شہاب الدین محمد جاجرمی تلمیذ سعد الدین تفتازانی اور جند اصولی کے حلقہائے درس میں شریک ہوئے۔

اس زمانہ میں آپ کی ذکاوت وذہانت اور خداداد صلاحیت کا یہ عالم تھا کہ آپ مولانا جند اصولی سے پڑھتے نیز دیگر طلبہ بھی شریک رہتے لیکن ان طلبہ کو بعد میں خود سمجھاتے تھے۔

ان تمام چیزوں سے متأثر ہو کر علامہ اصولی نے فرمایا تھا: جب سے سمرقند آباد ہوا ہے اس وقت سے اب تک یہاں عبد الرحمن جامی جیسا جید الطبع طالب علم نہیں آیا۔ ہرات میں ملا علاء الدین قوشجی شارح تجرید سے مباحثہ ہوا، آپ کو فتح ہوئی، یہاں تک کہ علامہ قوشجی کو اپنے طلبہ سے کہنا پڑا کہ مجھے یقین ہو گیا کہ نفس قدسی اسی عالم میں موجود ہے۔

عشق رسول:

آپ سرور کونین سید عالم ﷺ کے ایسے عاشق صادق تھے کہ تا زیست یہ دریا سینہ میں موجزن رہا، عشق رسول آپ کی رگ وپے میں سمایا ہوا تھا جس کا اظہار آپ کی زبان وقلم سے اکثر وبیشتر ہوتا رہتا تھا۔ آج بھی آپ کا دیوان اس بات پر شاہد عدل ہے، مثلاً:

أحسن شوقا إلى ديار لقيت فيها جمال سلمى　　كه مى رسانند ازاں نواحى پيام وصلت بجانب ما

زہے جمال تو قبلہ جاں حریم کوئے تو کعبہ دل　　فإن سجدنا إليك نسجد وإن سعينا إليك نسعى

بكت عيونى على شيونى فساء حالى ولا ابالى　　كه دانم آخر جيب وصلت مريض خود را كند مداوا

ان اشعار میں ایک ادبی حسن یہ ہے کہ پہلا مصرع عربی میں تو دوسرا فارسی میں، اور پہلا فارسی میں تو دوسرا عربی میں ہے۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ آپ کو دونوں زبانوں پر یکساں قدرت حاصل تھی جس کا مظہر ان کے بے شمار اشعار ہیں، بلکہ آپ کی تصانیف دونوں زبانوں میں موجود ہیں۔

آپ فارسی شعرا میں ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں اور فارسی کے بلند پایہ شعرا شیخ سعدی، حافظ شیرازی اور مولانا روم وغیرہم میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ بلکہ عشق رسول نے آپ کی شاعری کو چار چاند لگا دیے ہیں۔

ایک مقام پر فرماتے ہیں:

در صورت آب وگل عیاں غیر تو نیست　　در خلوت جان ودل نہاں غیر تو نیست

گفتی کہ زغیر من بپرداز دلت　　اے جان جہاں در دو جہاں غیر تو نیست

بارگاہ رسالت میں مقبولیت:

ایک مرتبہ قصیدہ نعتیہ تالیف کرکے مدینہ منورہ اس خیال سے روانہ ہوئے کہ بارگاہ رسالت میں پہنچ کر مواجہ شریف میں کھڑے ہوکر یہ قصیدہ پڑھیں گے۔ خودرفتگی اور مستی کے عالم میں جارہے تھے، جب مدینہ طیبہ کے قریب پہنچے تو سرکار دوعالم ﷺ نے ایک صاحب کو خواب میں یہ حکم فرمایا کہ جامی آرہاہے، اس سے کہہ دینا کہ قصیدہ کا یہ شعر یہاں نہ پڑھے۔

خواہم از شوق دست بوس تو برد　　دست بیروں کن از یمان برد

ورنہ اس کی خاطر ہاتھ قبر سے باہر نکالنا پڑیگا جس سے فتنۂ عظیم برپا ہونے کا خطرہ ہے۔

تصوف اور سلوک:

جب آپ نے ظاہری علوم سے فراغت پائی تو ایک رات کسی بزرگ کو خواب میں دیکھا کہ وہ فرمارہے ہیں: "اتخذ حبیباً یھدیك" آپ اس واقعہ سے بہت زیادہ متاثر ہوئے اور فوراً مخدوم الملت حضرت سعد الدین کاشغری قدس سرہ سے سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت ہوئے اور خراسان جاکر خواجہ عبید اللہ الاحرار نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے بھی اکتساب فیض کیا۔

حج وزیارت:

۸۷۷ھ میں آپ زیارت حرمین شریف زاد ھما اللہ شرفًا وتعظیمًا سے مشرف ہوئے اور بلاد شام میں دمشق اور حلب کا سفر کیا۔ وہاں سفر حج کے علمائے کرام نے آپ کی نہایت تعظیم وتکریم کی۔

علامہ شامی بیان فرماتے ہیں کہ آپ نے ایک مرتبہ محض زیارت روضۂ اقدس کی نیت سے سفر کیا تاکہ محض زیارت ہی کی نیت رہے۔ عاشقان رسول کا یہ طرۂ امتیاز رہاہے کہ وہ نفلی حج میں زیارت روضۂ اقدس ہی کو اصل الاصول سمجھتے ہیں۔

مجدد اعظم دین وملت سیدنا اعلیٰ حضرت امام اہل سنت محدث بریلوی قدس سرہ بھی انہیں عاشقان رسول میں سے ایک عاشق رسول تھے، آپ نے بھی حج نفل میں زیارت روضۂ اقدس کی نیت کی تھی۔

فرماتے ہیں:

کعبہ کا نام تک نہ لیا طیبہ ہی کہا | پوچھا تھا ہم سے جس نے کہ نہضت کدھر کی ہے
اس کے طفیل حج بھی خدا نے کرا دیے | اصل مراد حاضری اس پاک در کی ہے

وصال:

آپ نے ۱۸/ محرم الحرام ۸۹۸ھ میں جمعہ کے دن شہر ہرات میں وصال فرمایا۔ آپ کی عمر ۸۱/ سال کی ہوئی جو لفظ (کاس) کے اعداد ہیں۔ ہرات ہی میں آپ کو دفن کیا گیا، آپ کی تاریخ وصال آیت کریمہ ﴿وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا﴾ سے نکلتی ہے۔

بعض شعراء نے اس کو اس طرح بیان کیا ہے:

جامی کہ بود بلبل جنت بشوق رفت | فی روضةٍ مخلدةٍ أرضها السماء
کلک قضا نوشت بدروازۂ بہشت | تاریخه: وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا

علامہ آسی مدراسی فرماتے ہیں:

جامی الذی هو راح بجامنا | كالروح كان فی جسد القبر كامنا
قدمات بالهرات وقد حل با لحرم | أرخته وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا

تصانیف:

آپ نے عربی و فارسی زبانوں میں کثیر تصانیف یادگار چھوڑیں جن کی تعداد چوّن (۵۴) بیان کی گئی ہے جو مختلف علوم و فنون میں ہیں، ان تمام کتب کے درمیان "الفوائد الضيائية" المعروف بہ "شرح جامي" کو جو مقبولیت حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں۔

آپ نے نحوی مباحث کو اس کتاب میں ایسا عقلی رنگ دیا ہے جو ٹھوس استعداد اور اعلی قابلیت پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، سیکڑوں سال سے یہ کتاب داخل درس ہے اور اس کو پڑھکر علم نحو میں کامل تحقیق ہو جاتی ہے۔

شرح مائۃ عامل:

یہ کتاب علامہ جرجانی کے مختصر رسالہ "مائۃ عامل" کی شرح ہے، آسان انداز میں کتاب کے مجملات کو واضح کیا ہے، زمانۂ قدیم سے درس نظامی میں یہ کتاب داخل ہے اور مسائل نحو کی تعلیم کے ساتھ اس کی ترکیب نحوی بھی کرائی جاتی ہے جس سے طلبہ کو عبارت خوانی اور مسائل فہمی میں کافی مدد ملتی ہے بلکہ آئندہ کتب نحو کو سمجھنے کے سلسلہ میں انشراح صدر ہو جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم[1]

الحمد لله[2] على نعمائه[3] الشاملة، وآلائه الكاملة، والصلوة[4] على سيد الأنبياء محمد المصطفى، ....

---

(1) قوله: بسم اللہ الرحمن الرحیم:

حضرت مصنف علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب کو تبرکاً و تیمناً بسم اللہ سے شروع فرمایا ہے اور اس حدیث پر بھی عمل کرنا مقصود ہے جس میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "كل أمر ذي بال لم يبدأ ببسم الله فهو أقطع" (جو امر ذی شان بسم اللہ کے بغیر شروع کیا جائے وہ بے برکت اور ناقص رہتا ہے)۔ الحمد للہ الخ: تسمیہ کے بعد حمد سے کتاب کو شروع کرنے میں کتاب اللہ کے نہج پر عمل کرنا اور حدیث نبوی کی اقتدا کرنا مقصود ہے۔ یہاں سوال یہ ہے کہ جب حدیث پاک تسمیہ و تحمید دونوں کے بارے میں وارد ہے تو پھر دونوں پر عمل کیوں کر ممکن ہوگا۔ یہ تو تعارض ہوا۔ جواب یہ ہے کہ یہ تعارض ظاہری ہے حقیقۃً نہیں، چنانچہ اس تعارض ظاہری کو دور کرنے کے لیے کتاب اللہ کے اسلوب کی روشنی میں دونوں کے محمل الگ الگ متعین کر دیے گئے ہیں لہذا بسم اللہ کو ابتدائے حقیقی پر محمول کرتے ہوئے سب سے پہلے لائے اور حمد کو ابتدائے اضافی پر محمول کرتے ہوئے اس کے بعد۔ کیوں کہ ابتدائے حقیقی کا مطلب ہے سب سے پہلے اور ابتدائے اضافی کا مطلب ہے بعض سے پہلے اور بعض کے بعد۔ یا حمد کو ابتدائے عرفی پر محمول کیجیے جس کا مطلب ہے مقصود سے پہلے۔

بسم اللہ الخ: «ب» حرف جار «اسم» مضاف «اللہ» اسم جلالت، موصوف «الرحمن» صفت مشبہ، اس میں ھو ضمیر مرفوع اس کا فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت اول «الرحیم» صفت مشبہ، اس میں ھو ضمیر مرفوع اس کا فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت ثانی۔ «اللہ» اسم جلالت موصوف اپنی دونوں صفات سے مل کر مضاف الیہ۔ اسم مضاف، اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور.. «ف» جار، اپنے مجرور سے مل کر «اَبْتَدِئُ» فعل مقدر کا ظرف مستقر، «انا» ضمیر مرفوع متصل مستتر، اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر لفظاً جملہ فعلیہ خبریہ اور معنیً جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(2) قولہ: «الحمد» مبتدا «ل» حرف جار «اللہ» اسم جلالت مجرور، حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا، «ثابت» مقدر کا «علی» حرف «نعماء» مضاف «ہ» ضمیر، مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف «الشاملۃ» صیغہ واحد مؤنث، اسم فاعل، اس میں ھی ضمیر مرفوع، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت.. موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف علیہ «و» حرف عطف «آلاء» مضاف «ہ» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف «الکاملۃ» صیغہ واحد مؤنث، اسم فاعل، اس میں ھی ضمیر مرفوع، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت .. موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور.. «علی» حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا ثابت مقدر کا.. «ثابت» صیغہ واحد مذکر اسم فاعل، اس میں ھو ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. اسم فاعل اپنے فاعل، ظرف مستقر اور ظرف لغو سے مل کر، شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر.. الحمد.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر لفظاً جملہ اسمیہ خبریہ اور معنیً اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(3) قولہ: علی نعمائہ: سے مراد «علی إنعامه» ہے، اس لیے کہ جس چیز پر محمود کی حمد بیان کی جا رہی ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ محمود کے افعال سے ہو، اور نعمت محمود کے افعال سے نہیں بلکہ «انعام» یعنی نعمت دینا محمود کے افعال سے ہے۔

(4) قولہ: «و» مستانفہ «صلوۃ» مبتدا، «علی» حرف جار.. «سید» مضاف «الانبیاء» مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبدل منہ.. «محمد» اسم رسالت موصوف «المصطفیٰ» صیغہ واحد مذکر اسم مفعول، اس میں ھو ضمیر مرفوع، اس کا نائب فاعل.. اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت

وعلى آله المجتبى(1).

اعلم(2) أن العوامل في النحو على ما ألفه الشيخ الإمام أفضل علماءِ الأنام عبد القاهربن عبد الرحمن الجرجانيّ «سقى(3) الله ثراه ....

=

..موصوف اپنی صفت سے مل کر بدل..مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور.. علی حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ «و» حرف عطف «علی» حرف جار «آل »مضاف «ہ» ضمیرواحد مذکر مضاف الیہ..مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف «المجتبی» صیغہ واحد مذکر اسم مفعول، اس میں ھو ضمیر مرفوع، اس کا نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت..موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور..حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر «نازلۃ» مقدر کا ظرف مستقر..«نازلۃ» صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل، اس میں ھی ضمیر مرفوع، اس کا فاعل..اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر..مبتدا اپنی خبر سے مل کر لفظاً جملہ اسمیہ خبریہ اور معنیً جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(1) قولہ: والصلاۃ: واضح رہے کہ تصنیف و تالیف اہم ترین اور مشکل کاموں میں سے ہیں لہٰذا اس کے لیے کسی ایسے وسیلے کی ضرورت ہے جس کے ذریعہ یہ امر عظیم آسان ہو جائے، چنانچہ حمد باری تعالی کے بعد حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک کا ذکر فرمایا۔ دوسری خاص بات یہ ہے کہ واہب فیاض کی بارگاہ سے مسائل علمیہ کا فیضان بغیر واسطہ متصور نہیں، کیوں کہ فیاض مطلق اور مستفیض ہونے والے بندوں کے درمیان مناسبت نہیں، اس لیے کہ باری تعالی نہایتِ تقدس و تنزہ سے متصف ہے اور نفس انسانی علائق امکانیہ اور کدورات بشریہ میں ڈوبا ہوا ہے، چنانچہ دونوں کے درمیان مناسبت ضروری ہوئی اور جو واسطہ ہو اس کے لیے دو جہتیں ہونا بھی لازم، تاکہ ایک جہت سے وہ مستفید ہو اور دوسری سے مفید۔ اور یہ کمال صرف حضور سید المرسلین خلیفۃ اللہ تعالی فی الأرضین کو ہی حاصل ہے۔ کیونکہ آپ ہی تجلّیٔ اول اور نور کامل ہیں اور جسمانی حجابات اور بشری نقائص سے مبرا ہیں، لہٰذا اللہ رب العزت کی بارگاہ سے استفادہ کریں۔ اور چونکہ آپ صورت بشری میں جلوہ گر ہوئے ہیں لہٰذا تمام عالم پر افادۂ عام فرمائیں۔ خود ارشاد فرماتے ہیں: "إنما أنا قاسم والله يعطي" [بخاری شریف]

(2) قولہ: «اعلم» صیغہ واحد مذکر حاضر، اس میں «انت» ضمیر مرفوع اس کا فاعل «أن» حرف مشبہ بالفعل «العوامل» ذوالحال «فی» حرف جار «نحو» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «مذکورۃ» مقدر کا ظرف مستقر.. «مذکورۃ» صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول، اس میں ھی ضمیر اس کا نائب فاعل..«علی» حرف جار «ما» اسم موصول «الف» صیغہ واحد مذکر غائب، «ہ» ضمیر واحد مذکر غائب «الشیخ» موصوف «امام» صفتِ اول..«افضل» صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل، اس میں ھو ضمیر مرفوع، اس کا فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر مضاف.. «علماء» مضاف الیہ، مضاف «الانام» مضاف الیہ، علماء، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم تفضیل کا مضاف الیہ، افضل اسم تفضیل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر، صفت ثانی..الشیخ موصوف اپنی دونوں صفات سے مل کر مبدل منہ «عبد» مضاف.. «قاھر» مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف «ابن» مضاف «عبد» مضاف الیہ، مضاف..«الرحمن» مضاف الیہ.. عبد مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ابن» کا مضاف الیہ..ابن مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر صفتِ اول.. «جرجانی» صیغہ واحد مذکر اسم منسوب، اس میں ھو ضمیر مرفوع، اس کا نائب فاعل، اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفتِ ثانی عبد القاہر، موصوف اپنی دونوں صفات سے مل کر بدل..مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر الّف کا فاعل..الّف فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر اسم موصول کا صلہ..اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور.. علی حرف جار اپنے مجرور سے مل کر مذکورۃ کا ظرف لغو..مذکورۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل، ظرف مستقر اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال..ذوالحال اپنے حال سے مل کر إنَّ حرف مشبہ بالفعل کا اسم..

(3) قولہ: «سقی» صیغہ واحد مذکر غائب، «اللہ» اسم جلالت اس کا فاعل «ثرا» مضاف..«ہ» ضمیر واحد مذکر غائب، مجرور مضاف الیہ..مضاف اپنے مضاف الیہ سے

=

وجعل[1] الجنة مثواه» مائة[2] عاملٍ لفظية[3] و معنوية، فاللفظية[4] منها على ضربين: سماعية وقياسية، فالسماعية[5] منها أحد و تسعون عاملا، والقياسية[6] منها سبعة عوامل، ....

مل کر سقی فعل کا مفعول بہ..سقی فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ دعائیہ انشائیہ معترضہ ہوا۔

(1) قوله: «و»

حرف عطف.. «جعل» صیغہ واحد مذکر غائب، اس میں ھو ضمیر مرفوع، اس کا فاعل.. «جنة» مفعول بہ اول..«مثوا» مضاف «ہ» ضمیر واحد مذکر غائب، مجرور متصل، راجع بسوئے «عبد القاھر»، مضاف الیہ..

(2) قوله: «مائة» ممیز مضاف «عامل» تمیز مضاف الیہ.. ممیز مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے مل کر «أن» حرف مشبہ بالفعل کی خبر.. حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مفعول بہ.. «اعلم» فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(3) قوله: «لفظية» صیغہ واحد مؤنث اسم منسوب، اس میں ہی ضمیر مرفوع راجع بسوئے «عوامل» اس کا نائب فاعل.. اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت.. عوامل موصوف محذوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا محذوف «بعضها» کی خبر اس میں بعض مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث غائب، مجرور متصل، راجع بسوئے «مائة عامل»، مضاف الیہ.. بعض مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:

معنوية کی ترکیب بالکل اسی طرح ہوگی۔ بس آخر میں جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا، کہنا ہوگا۔

(4) قوله: فاللفظية «ف» تفصیلیہ.. «اللفظية» صیغہ واحد مؤنث اسم منسوب، اس میں «ھی» ضمیر مرفوع، اس کا نائب فاعل.. اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت.. بعضھا موصوف محذوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال.. «من» حرف جار.. «ھا» ضمیر واحد مؤنث مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «ثابتة» مقدر کا ظرف مستقر.. «ثابتة» صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل، اس میں «ھي» ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال.. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا.. «علی» حرف جار «ضربين» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «ثابتة» کا ظرف مستقر.. «ثابتة» صیغہ واحد مؤنث اس میں «ھي» ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا۔ یہاں بھی وہی ترکیب ہوگی، یعنی انہیں مبتدا محذوف کی خبر بنائیں۔ سماعیۃ کا مبتدا «احدھما» اور قیاسیۃ کا «ثانیھما» نکالیں گے۔

(5) قوله: فالسماعية «ف» تفصیلیہ «السماعية» صیغہ واحد مؤنث اسم منسوب، اس میں «ھي» ضمیر مرفوع اس کا نائب فاعل.. اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت.. موصوف محذوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال «من» حرف جار.. «ھا» ضمیر واحد مؤنث غائب، مجرور متصل، راجع بسوئے ذوالحال، مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «ثابتة» مقدر کا ظرف مستقر.. «ثابتة» صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل، اس میں «ھي» ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال.. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا.. «احد» معطوف علیہ. «و» حرف عطف.. «تسعون» معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ممیز.. «عاملا» تمیز. ممیز اپنی تمیز سے مل کر خبر.. مبتدا اپنے خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا۔

(6) قوله: والقياسية «و» حرف عطف.. «القياسية» صیغہ واحد مؤنث، اس میں «ھي» ضمیر مرفوع اس کا نائب فاعل. اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت.. موصوف محذوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال.. «من» حرف جار. «ھا» ضمیر مجرور. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «ثابتة» مقدر کا ظرف

والمعنوية[1] منها عددان، وتتنوع[2] السماعية منها على ثلثة عشر نوعاً.

النوع الاول:[3]

حروف تجرّ الاسم فقط[4]، وتسمى حروفًا جارّةً. وهي سبعة عشر حرفًا: الباء[5] للالصاق[6]، ....

=

مستقر.. «ثابتة» صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل، اس میں ھي ضمیر اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال.. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا «سبعۃ» ممیز مضاف.. عوامل تمییز مضاف الیہ.. ممیز مضاف اپنی تمییز مضاف الیہ سے مل کر خبر.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(1) قوله: والمعنوية «و» واؤ حرف عطف.. «المعنوية» اسم منسوب، اس میں ھي ضمیر مرفوع اس کا نائب فاعل.. اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت.. موصوف محذوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال «من» حرف جار «ها» ضمیر مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ثابتة مقدر کا ظرف مستقر.. «ثابتة» اسمیں ھي ضمیر، اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال.. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا.. «عددان» خبر.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(2) قوله: وتتنوع «و» عاطفہ.. «تتنوع»، فعل مضارع «السماعية» اس میں ھي ضمیر اس کا نائب فاعل.. اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت.. موصوف محذوف العوامل اپنی صفت سے مل کر ذوالحال.. «من» حرف جار.. «ها» ضمیر مجرور.. جار اپنے مجرور سے مل کر ثابتة مقدر کا ظرف مستقر.. ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل.. «على» حرف جار «ثلثة» ممیز.. «نوعا» تمیز.. ممیز اپنی تمیز سے مل کر مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «تتنوع» فعل کا ظرف لغو.. تتنوع فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(3) قوله: «النوع» موصوف.. «الاول» اسم تفضیل، اس میں ھي ضمیر، اس کا فاعل.. اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا.. «حروف» موصوف.. «تجر» فعل مضارع اس میں ھي ضمیر اس کا فاعل «اسم» مفعول بہ.. فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر صفت.. موصوف اپنی صفت سے مل خبر.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(4) قوله: فقط «ف» فصیحہ.. «قط» اسم فعل بمعنی «انتہ» واحد مذکر حاضر معروف.. اس میں أنت ضمیر اس کا فاعل.. اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر شرط محذوف «اذا جررت بها الاسم» کی جزاء، اس میں «اذا» ظرف زمان، مفعول فیہ مقدم.. جررت فعل ماضی اس میں أنت ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. «ب» حرف جار.. «ها» ضمیر مجرور حرفِ جار اپنے مجرور سے مل کر جررت فعل کا ظرف لغو.. «الاسم» مفعول بہ.. جررت فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ مقدم، ظرف لغو اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط.. شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ «و» عاطفہ.. «تسمی» فعل مضارع مثبت مجہول، اس میں ھي ضمیر، اس کا نائب فاعل۔

(5) قوله: «الباء» مبتدا.. «لام» حرف جار «الصاق» مجرور معطوف علیہ.. «و» حرف عطف.. «لام» حرف جار.. «الاستعانة» مجرور معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ثابتة مقدر کا ظرف مستقر.. «ثابتة» اس فاعل، اس میں ھي ضمیر اس کا فاعل.. اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرفِ مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(6) یعنی «باء» اس چیز کا افادہ کرنے کے لئے آتا ہے کہ ایک شی اس کے مجرور سے ملصق ہے خواہ وہ لصوق حقیقۃ ہو جیسے "به داء" یا مجازا ہو جیسے "مررت بزيد" اس

=

وهو[1] اتصال الشيء بالشيء إماحقيقةً، نحو به داء[2]، وإما مجازًا، نحو مررت بزيدٍ[3]، أي: التصق[4] مروري بمكان يقرب منه زيد، وللاستعانة[5]، نحو كتبت بالقلم[6]. وقد تكون[7]

=

لئے کہ اس دوسری مثال میں باء جارہ متکلم کے مرور کا زید سے لصوق کا فائدہ دے رہا ہے۔ اور یہ لصوق حقیقی نہیں بلکہ مجازی ہے۔ اس لئے کہ مرور در حقیقت اس مکان سے ملصق ہے کہ جس مکان سے قربت کی وجہ سے زید سے مرور کے لصوق کا حکم لگایا۔ خیال رہے کہ باء جارہ مبنی برکسر ہے۔

(1) قوله: «و»

عاطفه «هو» ضمیر مبتدا.. «اتصال» مصدر مضاف «الشيء» مضاف الیہ، اس کا فاعل «ب» حرف جار.. «الشيء» مجرور.. اتصال مصدر اپنے مضاف الیہ فاعل اور ظرف لغو سے مل کر ممیز.. «إما» حرف تردید.. «حقيقةً» معطوف علیہ.. «و» زائد «إما» حرف عطف.. مجازًا معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تمیز.. ممیز اپنی تمیز سے مل کر خبر.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ترکیب: «نحو» مضاف.. «به داء» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر..

(2) قوله: به

«ب» حرف جار «ہ» ضمیر مجرور.. جار اپنے مجرور سے مل کر ثابت مقدر کا ظرف مستقر «ثابت» اسم فاعل، اس میں هو ضمیر مرفوع، اس کا فاعل.. اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم.. «داء» مبتدائے مؤخر.. مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(3) قوله: ترکیب: «نحو» مضاف.. «مررت بزيد» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مبتدا مقدر کی خبر.. «مررت» فعل ماضی اس میں ضمیر مرفوع اس کا فاعل «ب» حرف جار. «زيد» مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔ مررت فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(4) قوله: «أي» حرف تفسیر.. «التصق» فعل ماضی «مرور» مصدر مضاف.. «ي» ضمیر، مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ سے مل کر فعل اس کا فاعل.. مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل سے مل کر التصق کا فاعل.. «ب» حرف جار.. «مكان» موصوف.. «يقرب» فعل مضارع «من» حرف جار.. «ہ» ضمیر مجرور متصل، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو.. «زيد» فاعل.. «يقرب» فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت.. موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور.. «ب» حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «التصق» فعل کا ظرف لغو.. «التصق» فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

(5) قوله: للاستعانة: کی ترکیب، الباء للالصاق کے ساتھ گزر گئی۔ اور .. نحو کتبت بالقلم کی حسب سابق دو ترکیبیں ہوں گی۔ ترکیب (۱): «نحو» مضاف.. «كتبت بالقلم» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب (۲): «كتبت» فعل ماضی، اس میں ت ضمیر مرفوع، اس کا فاعل.. «ب» حرف جار.. «القلم» مجرور.. جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو.. کتبت فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(6) قوله: للاستعانة: یعنی باء جارہ، استعانت کے لئے آتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ فعل کا فاعل اس کے مدخول و مجرور سے صدور فعل کے لئے مدد چاہتا ہے جیسے "كتبت بالقلم" چنانچہ متکلم کہ فعل کا فاعل ہے قلم سے جو باء کا مجرور ہے صدور کتابت کے لئے مدد چاہتا ہے۔ اور یہ باء آلہ فعل پر داخل ہوتا ہے۔

(7) قوله: «و» حرف عطف.. «قد» حرف تحقیق برائے تقلیل.. «تكون» فعل مضارع از افعال ناقصہ، اس میں هي، ضمیر مرفوع، اس کا اسم «لام» حرف جار.. «التعليل» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ «لام» حرف جار.. «المصاحبة» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف «لام» حرف جار.. «التعدية» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. «لام» حرف جار «المقابلة» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. «لام» حرف

=

للتعليل، نحو قوله تعالى[1]: ﴿إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ﴾ وللمصاحبة[2]، نحو اشتريت الفرس بسرجه[3]. وللتعدية، نحو قوله تعالى: ﴿ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ﴾. ونحو ذهبت بزيد، أي:أذهبته. وللمقابلة، نحو اشتريت العبد بالفرس[4]. وللقسم، نحو بالله لأفعلن

=

جار..«القسم» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف..«لام» حرف جار..«الاستعطاف» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف..«لام» حرف جار..«الظرفية» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف..«لام» حرف جار..«الزيادة» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. للتعليل، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر ثابتة مقدر کا ظرف مستقر..«ثابتة» اسم فاعل، اس میں هي ضمیر مرفوع اس کا فاعل..

(1) قوله: «نحو» مضاف..«قول» مصدر مضاف الیہ، مضاف..«ہ» ضمیر، مجرور ذوالحال «تعالیٰ» فعل ماضی، اس میں هو، ضمیر، اس کا فاعل تعالی فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال.. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ، قول مصدر کا فاعل.. مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل سے مل کر مبدل منہ. «إن» حرف مشبہ بالفعل..«کم» ضمیر، «إن» کا اسم..«ظلمتم» جمع مذکر حاضر، اس میں «تم» ضمیر مرفوع اس کا فاعل «أنفس» مضاف..«کم» ضمیر مضاف الیہ.. انفس مضاف، اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ..«ب» حرف جار..«اتخاذ» مصدر مضاف..«کم» ضمیر، مضاف الیہ، اس کا فاعل، «عجل» مفعول بہ اول. «إلها» مقدر، مفعول بہ ثانی۔ اتخاذ، مصدر اپنے مضاف الیہ فاعل اور دونوں مفعولات سے مل کر مجرور.. ب حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «ظلمتم» فعل کا ظرف لغو.. ظلمتم فعل، اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ، ہو کر إنَّ حرف مشبہ بالفعل کی خبر.. إنّ حرف مشبہ بالفعل، اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مراد اللفظ بدل۔ مبدل منہ اپنے بدل کے ساتھ «نحو» کا مضاف الیہ..«نحو» مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر..

(2) یعنی باء جارہ مصاحبت کے لئے آتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اس بات کا افادہ کرتا ہے کہ اس کا مجرور فعل میں دوسرے کا شریک ہے جیسے "اشتريت الفرس بسرجه" چنانچہ باء جارہ نے اس بات کا افادہ کیا کہ خریداری میں سرج فرس کا شریک ہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے مقام پر لفظ "مع" کو رکھا جائے تو معنی میں خلل واقع نہ ہو۔

(3) قوله: «نحو» مضاف..«اشتريت الفرس بسرجه» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. **نوٹ:**۔ وللتعدية کی ترکیب وقد تكون للتعليل کے ساتھ گزر گئی۔ ترکیب: «نحو» مضاف..«قول» مصدر مضاف الیہ، مضاف..«ہ»، مجرور ذوالحال تعالی حال.. مبدل منہ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ، قول مصدر کا فاعل..«ذهب» فعل «الله» اسم جلالت، اس کا فاعل..«ب» حرف جار.. نور مضاف..«هم» ضمیر مضاف الیہ.. ذهب فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ، ہو کر مراد اللفظ بدل۔ مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مضاف الیہ.. نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب: «و» عاطفہ..«نحو» مضاف..«ذهبت بزيد» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر..«أي» حرف تفسیر.. «أذهبت» فعل ماضی، اس میں ت ضمیر مرفوع اس کا فاعل «ہ» ضمیر مفعول بہ.. أذهبت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(4) قوله: «نحو» مضاف.. اشتريت العبد بالفرس مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب(۱):۔«نحو» مضاف..«بالله لأفعلن كذا» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب(۲)۔«ب» حرف جار، برائے قسم..«الله»، اسم جلالت، مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر أقسم فعل کا ظرف مستقر..«أقسم» فعل مضارع، اس میں انا ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. أقسم، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر

=

كذا. و للاستعطافِ، نحوارحم بزيد[1]. وللظرفية، نحو زيد بالبلد[2]. وللزيادة، نحو قوله تعالى: ﴿وَ لَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ﴾ واللام للاختصاص[3]، نحو الجل للفرس[4]. وللزيادة، نحو ردف لكم[5]، أي: ردفكم. وللتعليل، نحو جئتك لِإكرامكَ[6]. وللقسم،

سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ «لأفعلن» فعل مستقبل، اس میں انا ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. «کذا» اسم کنایہ مفعول بہ.. لافعلن، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا۔

(1) قوله: «نحو» مضاف.. «ارحم بزید» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب (۲):۔ «ارحم» امر حاضر اس میں انت ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. «ب» حرف جار.. «زید» مجرور.. جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو.. ارحم فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(2) قوله: «نحو» مضاف.. « زید بالبلد » مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «نحو» مضاف.. قول مصدر مضاف الیہ، مضاف.. «ہ» ضمیر ذوالحال «تعالی» حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ، قول مصدر کا فاعل.. مبدل منہ۔ «و» حرف عطف.. « لاتلقوا» نہی حاضر، اس میں واو ضمیر مرفوع، اس کا فاعل.. «باء» حرف جار، زائد.. «ایدی »مضاف.. «کم »ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر باعتبارِ محل مفعول بہ.. «الی »حرف جار.. «تہلکہ »مجرور.. لاتلقوا فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ ہوکر، مراد اللفظ بدل مبدل منہ بدل سے مل کر نحو کا مضاف الیہ.. نحو: مضاف اپنے مضاف الیہ مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. نوٹ:۔ یہاں بھی حسب سابق، لام کے پہلے معنیٰ کو معطوف علیہ اور باقی کو معطوف قرار دے کر خبر بنائیں گے پھر مثالوں کی ترکیب علاحدہ کی جائے۔

(3) قوله: «و »حرف عطف.. «اللام »مبتدا.. «لام »حرف جار «اختصاص »مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ.. «و »حرف عطف «زیادۃ» معطوف «و» حرف عطف.. «لام »حرف جار« تعلیل »مجرور معطوف «و »حرف عطف «لام »حرف جار« قسم »مجرور معطوف «و »حرف عطف« لام» حرف جار.. «معاقبۃ »مجرور.. مل کر معطوف.. معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر ثابتۃ مقدر کا ظرف مستقر..

(4) قوله: «نحو» مضاف.. الجل للفرس مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «نحو »مضاف.. «ردف لکم »مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «ردف» فعل ماضی بعض اس کا فاعل، جو آگے آیت پاک میں موجود ہے« لام» حرف جار زائد.. «کم »ضمیر مفعول بہ.. ردف فعل، اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ «أی» حرفِ تفسیر.. «ردف »فعل ماضی بعض اس کا فاعل، جو آگے آیت پاک میں موجود ہے.. «کم »ضمیر.. ردف فعل، اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

(5) خیال رہے کہ لام جارہ جب اسم ظاہر پر داخل ہو تو مکسور ہوتا ہے۔ اور مضمر پر داخل ہو تو مفتوح ہوتا ہے۔ اس لئے کہ لام کی اصل فتح ہے۔ اسم ظاہر پر دخول کی صورت میں لام کو فتح اس لئے نہیں دیا گیا کہ کہیں لام ابتدا سے اس کا التباس نہ ہو اور مجرور مبتدا سے ملتبس نہ ہو۔

(6) قوله: «نحو» مضاف.. «جئتک لاکرامك» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب (۲): «جئت» فعل ماضی اس میں ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. ک ضمیر مفعول بہ «لام» حرف جار.. «اکرام »مصدر مضاف.. « ک » ضمیر، مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور.. لام حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو.. جئت فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نحو لله لایؤخر الأجل[1]. وللمعاقبة، نحو لزم الشر للشقاوة[2]. ومن و هي لابتداء الغاية[3]، نحو سرت من البصرة إلى الكوفة. وللتبعيض، نحو أخذت من الدراهم[4]، أي: بعض الدراهم. وللتبيين، نحو قوله تعالى[5]: ﴿فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ﴾ أي: الرجس

---

(1) قوله: «نحو» مضاف.. «لله لا يؤخر الاجل» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب(۲):۔ لام حرفِ جار برائے قسم «الله» اسم جلالت، مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «اقسم» فعل مقدر کا ظرف مستقر.. «اقسم» فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لایؤخر فعل مضارع «اجل» نائب فاعل.. لایؤخر فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا۔

(2) قوله: «نحو» مضاف.. «لزم الشر للشقاوة» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «لزم» فعل ماضی، اس میں «هو» ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. «شر» مفعول بہ «لام» حرف جار.. «شقاوة» مجرور.. «لزم» فعل، اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ترکیب:۔ «واو» عاطفہ.. «من» مبتدائے اول.. «و» زائدہ.. «هی» ضمیر مبتدائے ثانی.. «لام» حرف جار.. «ابتداء» مصدر مضاف.. «الغاية» مضاف الیہ.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ.. «و» حرف عطف.. «لام» حرف جار.. «التبعيض» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. «لام» حرف جار.. «تبيين» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. «لام» حرف جار «الزيادة» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر «ثابتة» مقدر کا ظرف مستقر.. ترکیب:۔ «نحو» مضاف.. «سرت من البصرة إلى الكوفة» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «سرت» فعل ماضی ضمیر مرفوع اس کا فاعل «من» حرف جار.. «بصرة» مجرور ظرف لغو اول «إلى» حرف جار «الكوفة» مجرور ظرف لغو ثانی.. «سرت» فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اول اور ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(3) خیال رہے کہ ''من'' کبھی کسی فعل کی مکان سے ابتداء کے لئے آتا ہے جب کہ اس کا مجرور و مدخول مکان ہو جیسے ''سرت من البصرة الى الكوفة'' اور کبھی فعل کی زمان سے ابتدا کے لئے آتا ہے جب اس کا مجرور زمان ہو جیسے ''صمت من يوم الجمعة الى الاثنين'' نحاۃ کوفہ کے نزدیک کلمہ ''من'' زمان میں بھی ابتدا کے لئے بطور حقیقت ہے۔ لیکن نحاۃ بصرہ کے نزدیک غیر زمان کے لئے حقیقت ہے۔ خواہ وہ غیر زمان مکان ہو جیسے مثال مذکور، یا غیر مکان جیسے ''هذا الكتاب من زيد الى عمرو''۔

(4) قوله: «نحو» مضاف.. «أخذت من الدراهم أي بعض الدراهم» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «مثالہ» مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «اخذت» فعل ماضی اس میں «ت» ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. «من» حرف جار «دراهم» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «ثابتا» مقدر کا ظرف مستقر.. أخذت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ «أي» حرف تفسیر.. «بعض» مضاف.. «دراهم» مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «فعل محذوف اخذت» کا مفعول بہ.. اخذت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

(5) قوله: «نحو» مضاف.. «قول» مصدر مضاف الیہ، مضاف.. «ہ» ضمیر ذوالحال «تعالیٰ» حال.. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ اور قول مصدر کا فاعل مبدل منہ.. «ف» سببیہ.. «اجتنبوا» امر حاضر معروف، اس میں واؤ ضمیر مرفوع، اس کا فاعل.. «رجس» ذوالحال.. «من» حرف جار.. «أوثان» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ثابتا مقدر کا ظرف مستقر.. حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ.. اجتنبوا فعل اپنے فاعل، مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر، مراد اللفظ بدل۔ مبدل منہ بدل سے مل کر نحو کا مضاف الیہ.. نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. «أي» حرف تفسیر.. «الرجس» موصوف «الذي» اسم

الذي هو الأوثان. وللزيادة، نحو قوله تعالى[1]: ﴿يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوبِكُمْ﴾ وإلى[2] لانتهاء الغاية في المكان، نحو[3] سرت من البصرة إلى الكوفة. وللمصاحبة، نحو قوله تعالى: ﴿وَلَا تَأْكُلُوٓا أَمْوَالَهُمْ إِلَىٰٓ أَمْوَالِكُمْ﴾ أي: مع أموالكم. وقد يكون[4] مابعدها داخلا في ما قبلها إن

موصول.. «هو» ضمیر مبتدا.. «أوثان» خبر.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ.. اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت.. سے مل کر فعل محذوف اجتنبوا کا مفعول بہ.. اجتنبوا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ مفسرہ ہوا۔

(1) قوله: «نحو»

مضاف.. «قول» مصدر مضاف الیہ، مضاف.. «ہ» ضمیر ذوالحال.. «تعالیٰ» حال.. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ اور قول مصدر کا فاعل.. «یغفر» فعل مضارع، اس میں ھو ضمیر مرفوع اس کا فاعل.. «لام» حرف جار.. «کم» ضمیر مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر یغفر فعل کا ظرف لغو. «من» حرف جار زائد «ذنوب» مضاف. «کم» ضمیر، مجرور متصل، مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر باعتبار محل، مفعول بہ..

(2) قوله: «واؤ» عاطفہ.. «إلی» مراد اللفظ مبتدا.. «لام» حرف جار.. «انتھاء» مصدر مضاف.. «غایۃ» مضاف الیہ.. «في» حرف جار.. «المکان» مجرور.. ظرف لغو. مجموعہ معطوف علیہ.. «و» حرف عطف.. «لام» حرف جار.. «المصاحبۃ» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر «ثابتۃ» مقدر کا ظرف مستقر.. یہ مجموعہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر.. «إلی» مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا'

(3) قوله: «نحو» مضاف.. «سرت من البصرۃ إلی الکوفۃ» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «سرت» فعل ماضی بافاعل «من» حرف جار.. «بصرۃ» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو اول.. «إلی» حرف جار.. «الکوفۃ» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ثانی.. سرت فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اول اور ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(4) قوله: «و» عاطفہ.. «قد» حرف تحقیق برائے تقلیل.. «یکون» از افعال ناقصہ.. «ما» اسم موصول «بعد» مضاف «ھا» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ثبت» فعل مقدر کا مفعول فیہ «ثبت» فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ.. اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر یکون کا اسم.. «داخلا» اسم فاعل «فی» حرف جار «ما» اسم موصول «قبل» مضاف «ھا» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ثبت» فعل مقدر کا مفعول فیہ.. «ثبت» فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ.. اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور.. فی حرف جار اپنے مجرور سے مل کر داخلا اسم فاعل کا ظرف لغو.. داخلا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر.. یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ، ہوکر جزائے مقدم.. «إن» حرف شرط.. «کان» از افعال ناقصہ.. «ما» اسم موصول «بعد» مضاف.. «ھا» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثبت، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ.. اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر «کان» کا اسم.. «من» حرف جار.. «جنس» مضاف.. «ما» اسم موصول.. «قبل» مضاف.. «ھا» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ثبت» فعل مقدر کا مفعول فیہ.. ثبت فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ.. اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور.. من حرف جار اپنے مجرور سے مل کر ثابتا مقدر کا ظرف مستقر.. کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط مؤخر.. شرط مؤخر اپنی جزائے مقدم سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

كان ما بعدها من جنس ماقبلها، نحو قوله تعالى: ﴿فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ﴾ وقد لايكون[1] ما بعدها داخلا في ماقبلها إن لم يكن ما بعدها من جنس ما قبلها، نحو قوله تعالى[2]: ﴿ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ﴾. وحتى[3] لانتهاء الغاية في الزمان، نحو نمت البارحة حتى الصباح، وفي المكان، نحو سرت البلد حتى السوق[4]. وللمصاحبة، نحو قرأت

---

(1) قوله: «و» عاطفه.. «قد» حرف تحقيق برائے تقلیل.. «لایکون» فعل مضارع «ما» اسم موصول.. «بعد» مضاف.. «ها» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ثبت» فعل مقدر کا مفعول فیہ.. «داخلا» بافاعل اسم فاعل «فی» حرف جار.. «ما» اسم موصول.. «قبل» مضاف «ها» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ثبت» فعل مقدر کا مفعول فیہ.. «إن» حرف شرط.. «لم یکن» فعل مستقبل «ما» اسم موصول.. «بعد» مضاف.. «ها» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ثبت» فعل مقدر کا مفعول فیہ.. «من» حرف جار.. «جنس» مضاف «ما» اسم موصول.. «قبل» مضاف.. «ها» ضمیر مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر «ثبت» فعل مقدر کا مفعول فیہ.. اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر.. فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط مؤخر. شرط مؤخر اپنی جزائے مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

(2) قوله: «نحو» مضاف.. «قول» مصدر مضاف الیہ، مضاف.. «ہ» ضمیر ذو الحال.. «تعالی» حال مبدل منہ.. «ثم» حرف عطف.. «اتموا» امر حاضر بافاعل «صیام» مفعول بہ. «إلی» حرف جار. «لیل» مجرور. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر اتموا فعل کا ظرف لغو.. اتموا فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ ہو کر مراد اللفظ بدل۔ مبدل منہ بدل کے ساتھ نحو کا مضاف الیہ.. نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر..

(3) قوله: ترکیب:۔ «و» عاطفہ.. «حتی» مبتدا.. حرف جار. «انتهاء» مصدر مضاف.. «الغایة» مضاف الیہ.. «فی» حرف جار.. «مکان» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر انتہاء مصدر کا ظرف لغو. انتہاء مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر مجرور.. «و» حرف عطف.. «لام» حرف جار.. «مصاحبة» مجرور.. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف.. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ثابتۃ مقدر کا ظرف مستقر.. اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر، شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر.. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ «نحو» مضاف.. «نمت البارحة حتی الصباح» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «نحو» مضاف.. «سرت البلد حتی السوق» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «نحو» مضاف.. «قرأت وردی حتی الدعاء» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر.. ترکیب:۔ «و» عاطفہ.. «ما» اسم موصول.. «بعد» مضاف «ها» ضمیر مضاف الیہ.. اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا.. «قد» حرف تحقیق برائے تقلیل «یکون».. از افعال ناقصہ.. اس میں ضمیر ھو مرفوع اس کا اسم.. «داخلا» اسم فاعل.. خبر «یکون» فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر.. ترکیب:۔ «و» عاطفہ.. حرف تحقیق برائے تقلیل.. «لایکون» فعل ناقص اس میں ھو ضمیر مرفوع.. اس کا اسم.. «داخلا».. خبر «لایکون» فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ ترکیب: «نحو» مضاف.. «مثال» موصوف.. الف لام بمعنی اسم «الذي» موصول.. «مذکور» اسم مفعول، اس میں ھو ضمیر مرفوع، اس کا نائب فاعل.. اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صلہ.. موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت.. مثال موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ.. نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مثالہ مقدر کی خبر..

(4) "حتی" "إلی" کی طرح ہے۔ کہ جس طرح "إلی" انتہاء غایت کے لئے آتا ہے اسی طرح "حتی" بھی انتہاء غایت کے لئے آتا ہے۔ لیکن دونوں کے درمیان فرق

وردي حتى الدعاء، أي: مع الدُّعاءِ. وما بعدها قد يكون داخلا في حكم ما قبلها، نحو أكلت السمكة حتى رأسها. وقدلايكون داخلا فيه نحو المثال المذكور، وهي مختصة[1] بالاسم الظاهر بخلافِ «إلى». فلا يقال[2]: حتّاه، ويقال: إليه، وعلى[3] للاستعلاءِ، نحو زيد على السطح، وعليه دين، وقد تكون[4] بمعنى الباء، نحو مررت عليه[5]، بمعنى مررت به.

اس طرح ہے کہ "حتی" کے ماقبل اسی شی کا ذکر لفظا یا تقدیرا ضروری ہے جو ذو اجزاء ہو بخلاف "إلى" نیز "حتی" کا مابعد ماقبل میں داخل ہونا اظہر ہے بخلاف "إلى" کہ اس میں عدم دخول اظہر ہے۔

(1) قوله: «و» عاطفه..

«هي» ضمیر مبتدا.. «مختصة» اسم مفعول، اس میں هی ضمیر مرفوع ذوالحال.. «ب» حرف جار.. «اسم» موصوف.. «ظاهر» صفت. موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور. حرف جار اپنے مجرور سے مل کر «مختصة» کا ظرف لغو. «ب» حرف جار. «خلاف» مضاف.. «إلى» مراد اللفظ مضاف الیہ.. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور.. «مختصة» اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر.. مبتدا.. اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(2) قوله: فلايقال

«ف» فصیحہ.. «لا يقال» فعل مضارع «حتاه» مراد اللفظ فعل مجہول کا نائب فاعل.. لا یقال فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط محذوف «إذا كان الامر كذا لک» کی جزاء.. «و» عاطفہ.. «يقال» فعل «إليه» مراد اللفظ فعل مجہول کا نائب فاعل.. یقال فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(3) قوله: «و»

